دنیا کا سب سے پہلا پہاڑ (Mountain)

کیا آپ کو معلوم ہے کہ **" دنیا کا سب سے پہلا پہاڑ " کونسا ہے اور کہا واقع ہے** ؟ اگر نہیں معلوم تو آیئے ہم آپ کو بتاتے ہیں۔

جَبَلِ اَبِی قُبَیْس دنیا کا سب سے پہلا پہاڑ ہے، جو مسجِدُ الحَرام کے باہر صفا و مروہ کے قریب واقع ہے۔ اِس پہاڑ پر دعا قبول ہوتی ہے، اہلِ مکہ خشک سالی کے موقع پر اِس پہاڑ پر آکر دُعا مانگتے تھے۔

حدیثِ پاک میں ہے: **حَجَرِ اَسوَد** جنّت سے یہیں نازل ہوا تھا۔

(الترغیب والترہیب، ۲/ ۹۴، حدیث: ۱۷۸۲)

اِس پہاڑ کو "اَلْاَمِین" بھی کہا گیا ہے۔ "طُوفانِ نُوح" میں **حَجَرِ اَسْوَد** اِس پہاڑ پر حفاظت سے تشریف فرما رہا۔ ایک روایت کے مطابق کعبے شریف کی تعمیر کے موقع پر اِس پہاڑ نے حضرت اِبراھیم علیہ السّلام کو پُکار کر عرض کی: "**حَجَرِ اَسوَد** اِدھر ہے۔" (بلد الامین، ص ۲۰۴ ملخصًا)

منقول ہے، رسولِ اکرم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے اِسی پہاڑ پر تشریف لا کر چاند کے دو ٹکڑے فرمائے تھے۔ چونکہ مَکَّۂ مُکَرَّمَہ پہاڑوں کے درمیان گھرا ہوا ہے چنانچہ اِس پر سے چاند دیکھا جاتا تھا۔ پہلی (دوسری اور تیسری) رات کے چاند کو ہِلال کہتے ہیں لہٰذا اِس جگہ پر یادگار کے لئے "مسجدِ ہِلال" تعمیر کی گئی۔ بعض لوگ اِسے "مسجدِ بِلال" بھی کہتے ہیں۔

(عاشقانِ رسول کی 130 حکایات، ص ۲۳۸ ملخصًا)